| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: جان دار اجسام میں تبدیلیاں

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر، مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کی سبق میں آمادگی کے لیے ان سے پرندوں کے دورِ حیات کے مراحل کے بارے میں پوچھیں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں ہم حشرات کا دورِ حیات پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 31 تا 32 حشرات کا دورِ حیات پڑھائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں زیادہ تر حشرات و کیڑے مکوڑے انڈوں سے پیدا ہوتے ہیں۔
- متن کا حوالہ دیتے ہوئے بتائیں حشرات کا دورِ حیات چار مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔
- طلبہ کو دورِ حیات کا مطلب بتائیں انھیں بتائیں جان داروں کا پیدائش سے لے کر بالغ ہونے تک مختلف تبدیلیوں سے گزرنے کا عمل دورِ حیات کہلاتا ہے۔
- طلبہ کو تصویر کی مدد تتلی کے دورِ حیات کا مشاہدہ کروائیں۔

## مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حشرات | ح۔ ش۔ رات | چھوٹے چھوٹے رینگنے والے کیڑے |

| | | |
|---|---|---|
| لاروا | لار۔وا | کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت |

**اعادہ:** 2منٹ

سبق کے اہم نکات کا خلاصہ دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں:

- تتلی انڈے دیتی ہے یا بچے؟
- تتلی کا انڈا کتنے مراحل سے گزر کر تتلی میں تبدیل ہوتا ہے۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

تتلی کے دورِ حیات کے مختلف مراحل کی تصاویر کاپی پر چسپاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق:** جان دار اجسام میں تبدیلیاں |

سوال نمبر 1: نیچے دی گئی تصاویر پر تتلی کا دورِ حیات دیا گیا ہے۔ ہر تصویر کے نیچے دورِ حیات کے مرحلے کا نام لکھیں۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 9 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

## سبق کا نام: جان دار اجسام میں تبدیلیاں

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جانوروں اور پودوں کے دورِ حیات میں مختلف مراحل کا (تصاویر، مشاہدہ اور ویڈیو کے ذریعے) موازنہ کر سکیں۔
- پودوں اور جانوروں کے دورِ حیات میں تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کچھ جان داروں کے بچے پیدائش کے وقت اپنے والدین جیسے نہیں ہوتے۔ البتہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اپنے والدین جیسے ہو جاتے ہیں۔ مثلاً مینڈک وغیرہ۔

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 32 پر ''مینڈک کا دورِ حیات'' کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
  - متن کا حوالہ دیتے ہوئے طلبہ کو بتائیں مینڈک کے دورِ حیات کے تین مراحل ہیں۔
  - کتاب میں دی گئی تصویر کی مدد سے مینڈک کے دورِ حیات کے مراحل کی وضاحت کریں۔
  - طلبہ کو بتائیں ان مراحل کے دوران بالغ مینڈک بننے سے پہلے وہ صرف پانی میں رہتا ہے۔

### اعادہ: 2 منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

### جائزہ: 6 منٹ

مشق کے سوالات طلبہ سے پوچھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 2منٹ

مینڈک کے دورِ حیات کی مختلف تصاویر اپنی کاپی پر چسپاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| **نام:** ____________ | **مضمون:** واقفیتِ عامہ | **سبق:** جان دار اجسام میں تبدیلیاں |
| --- | --- | --- |

ا۔ نیچے دی گئی تصاویر پر مینڈک کا دورِ حیات دیا گیا ہے۔ ہر تصویر کے نیچے دورِ حیات کے مرحلے کا نام لکھیں۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 9 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ (دہرائی)

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور بانی پاکستان کرا سکیں۔
- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخِ پیدائش، بانی پاکستان، چند اہم کارنامے، تاریخِ وفات) کو بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا نام لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخِ پیدائش، ابتدائی تعلیم کے بارے میں بتائیں۔
- پاکستان کے حصول کے لیے قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی کوشش کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ سچے، ایمان دار اور باہمت انسان تھے۔ آپ نے بہترین انداز میں برصغیر کے مسلمانوں کی راہ نمائی کی۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

## اعادہ: 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

## گھر کا کام:

N/A

## ورک شیٹ — 20 منٹ

| نام: ________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ (دہرائی) |
|---|---|---|

**سوال 1: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

ا۔ قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے قانون کی اعلیٰ تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

________________________________________

________________________________________

۲۔ قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کو بانی پاکستان کیوں کہا جاتا ہے؟

________________________________________

**سوال 2: قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے تین رہنما اصول لکھیں۔**

________________________________________

________________________________________

**سوال 3: قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں معلومات لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| پورا نام | |
| تاریخ پیدائش | |
| پیشہ | |
| سب سے اہم کارنامہ | |
| آپ کا خطاب | |
| تاریخ وفات | |